**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS IX EXAMINATION**

**MAY 2012**

**Islamiyat Paper II**

**Time allowed: 1 hour 30 minutes Marks 30**

## ہدایات

1۔ آپ اپنا نام اور اپنے اسکول سے متعلق کوائف کو غور سے پڑھیے اور تصدیق کیجیے کہ وہ درست ہیں۔

**میں تصدیق کرتا / کرتی ہوں کہ میرا اور میرے اسکول کا نام درست ہے۔**

**امیدوار کے دستخط**

2۔ **خصوصی ہدایت:** اس پرچے میں کل **چھے** سوالات ہیں۔ تمام سوالوں کے جوابات دیجیے۔ سوال نمبر 6 میں دو انتخاب دیے گئے ہیں۔ ان میں سے کوئی ایک حل کیجیے۔

3۔ اپنے جوابات لکھتے وقت ان باتوں کا خیال رکھیے:

ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

شکل کے لیے سیاہ پنسل استعمال کیجیے۔ رنگین پنسل ہرگز استعمال نہ کیجیے۔

کسی بھی قسم کی پِن، گوند یا سیاہی مٹانے والی کوئی بھی چیز استعمال نہ کیجیے۔

صفحے کے چوکھٹے (باکس) کے باہر کچھ نہ لکھیے۔ اپنا جواب صرف دی گئی سطور میں مکمل کیجیے۔

4۔ ہر سوال کے نمبر قوسین ( ) میں دیے گئے ہیں۔

سوال۔1 (کل 6 نمبر)

(الف) قرآنِ مجید کی آٹھویں سورۃ کو یہ نام ’الانفال‘ کیوں دیا گیا؟ **دو نکات** میں وضاحت کیجیے۔ (2 نمبر)

(ب) ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ لَمْ یَكُ مُغَیِّرًا نِّعْمَةً اَنْعَمَهَا عَلٰی قَوْمٍ حَتّٰی یُغَیِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ۙ (سورۃ الانفال آیت نمبر 53)

ترجمہ: یہ اس لیے کہ جو نعمت اللہ تعالیٰ کسی قوم کو دیا کرتا ہے جب تک وہ خود اپنے دلوں کی حالت نہ بدل ڈالیں خُدا اُنھیں نہیں بدلا کرتا“

اس آیت کی روشنی میں آج امّتِ مسلمہ کو بہتری اور ترقّی کے لیے کیا تبدیلیاں لانی چاہییں تا کہ اللہ تعالیٰ کی نعمتیں حاصل ہو سکیں؟ **چار نکات** تحریر کیجیے۔

(4 نمبر)

سوال۔2 (کل 6 نمبر)

(الف) حدیثِ قولی، فعلی اور تقریری میں فرق کی وضاحت کیجیے۔ (3 نمبر)

(ب) طَلَبُ العِلْمِ فَرِيْضَةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ

علم کی طلب ہر مسلمان (مرد و عورت) پر فرض ہے۔

اس حدیث پر عمل کرتے ہوئے علم حاصل کر کے ایک انسان اپنے معاشرے کو کس طرح بہتر بنا سکتا ہے؟ تجزیہ کرتے ہوئے **تین** نکات تحریر کیجیے۔ (3 نمبر)

براہِ کرم صفحہ الٹیے

سوال۔3 (کل 4 نمبر)

ایک مسلمان کی انفرادی زندگی میں اللہ تعالیٰ کی محبّت و اطاعت کی اہمیت **چار** نکات میں اُجاگر کیجیے۔

سوال۔4 (کل 4 نمبر)

(الف) کاتبِ وحی سے کیا مراد ہے اور ان کی کیا ذمّے داری تھی؟ (2نمبر)

(ب) عہدِ نبوی (صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم) میں حفاظتِ قرآن سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ دو نکات میں تحریر کیجیے۔ (2نمبر)

سوال۔5 (کل 4 نمبر)

علوم وفنون میں مسلمانوں کے زوال کی کیا وجوہات تھیں؟ کوئی چار نکات پیش کیجیے۔

سوال۔6 (کل 6 نمبر)

(الف) وضاحت کیجیے کہ زکوٰۃ اسلام کا ایک اہم رکن ہے۔ اس کی ادائیگی سے معاشرے کو کیا فوائد حاصل ہوتے ہیں؟ کوئی **تین** فوائد تحریر کریں۔

**یا**

(ب) **دو** نکات میں علم کی اہمیت بیان کیجیے اور اس کے کوئی **چار** فوائد بھی بیان کیجیے۔

اختتام

# Please use this page for rough work